DUA · REWARDS FOR INVOCATION

# Reward of "La ilaha illallah" 1

# لا الہ الا اللہ کہنے کا ثواب۔ ۱

Abu Nasr narrated that he had heard Abul Hussain ibn Ahmad quote on the authority of his grandfather, on the authority of his father, “When Imam Reza (a) entered Nishapur at the time of Ma’moon, I was at his service and took care of his needs as long as he was there until he departed towards Sarakhs. I accompanied him when he wanted to leave Sarakhs to go to Marv. But as soon as we passed through one way-station, he brought out his head from his carriage and said, O Aba Abdullah! Return. May you be successful. You have performed what is incumbent upon you. You need not accompany me anymore. I again said, I swear by al-Mustafa (the Holy Prophet (s)), al-Murtaza (Imam Ali (a)) and al-Zahra (Hazrat Fatema (s)). Please tell me one tradition to heal me so that I may return. He (a) said, Are you asking me for traditions? I have left the neighborhood of my grandfather, the Prophet of Allah (s), not knowing what will happen to my affairs. I said, I swear by al-Mustafa, al-Murtaza and al-Zahra. Please tell me one tradition to heal me so that I may return. Then he (a) said, My father (a) narrated that his father (a) quoted on the authority of his father (a) that he had heard his forefathers (a) say that they heard their forefathers (a) say that they heard Ali ibn Abi Talib (a) say that he had heard the Holy Prophet (s) say that Allah, Mighty and Majestic be He said...

ابو نصر روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے ابا الحسین ابن احمد سے سنا، اور انہوں نے اپنے جد سے، اور انہوں نے اپنے والد سے کہ: مامون کے زمانے میں جب امام رضاؑ نشاپور پہنچے تب میں اُنکی خدمت میں تھا یہاں تک کہ وہ مرو جانے کی غرض سے سرخس کی طرف روانہ ہوئے ۔ لیکن جیسے ہی ہم ایک بستی سے گزر رہے تھے، تو امامؑ نے اپنے سر کو اپنی سواری کے مہمل سے باہر نکالا اور فرمایا: اے ابا عبداللہ ! لوٹ جاؤ، تم کامیاب ہو جاؤ، تم نے وہ خدمت انجام دی ہے جو تم پر لازم تھی۔ اب تم کو میرے ہمراہ آنے کی ضرورت نہیں، میں نے پھر سے امامؑ سے کہا: تمہیں واسطہ ہے مصطفی (رسول خداؐ)، مرتضی (امام علیؑ) اور زہرا (حضرت فاطمہؑ) کا، کہ مجھے ایک ایسی حدیث تعلیم فرمائیں کہ جس سے مجھے شفاء ملے، جس کے بعد میں لوٹ جاؤں گا۔ امامؑ نے فرمایا: کیا تم مجھ سے احادیث طلب کرتے ہو؟ میں اپنے جد کا شہر چھوڑ چکا ہوں، نہیں معلوم کہ میرے امر کا کیا ہو گا۔ میں نے کہا: میں واسطہ دیتا ہوں مصطفی، مرتضی اور زہرا کا مجھے ایک حدیث تعلیم کریں کہ جس سے مجھے شفاء حاصل ہو اور پھر میں واپس چلا جاؤنگا۔ پھر امامؑ نے فرمایا، میرے والد نے اُنکے والد سے، اور اُنکے والد نے اُنکے والد سے، اور اُنہوں نے اُنکے آبا و اجداد سے، اور اُنہوں نے اپنے آبا و اجداد سے، اور اُنہوں نے علی ابن ابی طالبؑ سے، کہ اُنہوں نے رسول خداؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا، کہ اللہ تعالی فرماتا ہے۔۔۔



Free to read, copy and share

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصْنِیْ مَنْ قَالَهٗ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِهٖ دَخَلَ حِصْنِیْ وَمَنْ دَخَلَ حِصْنِیْ اَمِنَ عَذَابِیْ۔

*LAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU HISNEE MAN QAALAHOO MUKHLISAN MIN QALBIHEE DAKHALA HISNEE WAMAN DAKHALA HISNEE AMINA 'AZAABEE.*

LAA ILAAHA ILLAL-LAAHO (There is no god but Allah) is My Fort. Whoever says it sincerely and whole-heartedly will enter My Stronghold. Whoever enters My Stronghold is secure from My punishment.

لا الہ الا اللہ (نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے) میرا قلعہ ہے۔ جو کوئی خلوصِ دل سے کہے گا وہ میرے قلعہ میں داخل ہو گا، اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے امان میں رہے گا۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/reward-of-la-ilaha-illallah-1-2446 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.